ہفت روزہ لاہور

ندائے خلافت

www.tanzeem.org

50

مسلسل اشاعت کا 33واں سال

تنظیم اسلامی کا پیغام خلافت راشدہ کا نظام

تنظیم اسلامی کا ترجمان

28 جمادی الاُخریٰ تا 5 رجب 1446ھ/31 دسمبر 2024ء تا 6 جنوری 2025ء

شمسی سالِ نو کی آمد اور خود احتسابی!!

بلاشبہ اللہ ربّ العزت نے اپنے بندوں کو لاتعداد نعمتیں عطا فرمائی ہیں۔ انہی میں سے ایک عظیم نعمت ہماری اور آپ کی زندگی ہے۔ کتنوں کو زندگی کی یہ نعمت ملی مگر اب وہ زیرِ خاک ہیں۔ شمس وقمر کی گردش احساس دلاتی رہتی ہے کہ عیش وعشرت کے بستر پر سونے والو عنقریب تمہارا بچھونا بھی بسترِ خاک ہوگا۔ دنیاوی زندگی بھی کرایے کے گھر کی طرح ہے۔ دنیا ہمارا عارضی مسکن ہے۔ دنیا کا چین وسکون، آرائش وزیبائش بلکہ نعمت زندگانی کے ساتھ فانی دنیا کی ساری نعمتیں پیچھے چھوٹ جائیں گی۔ بعدہٗ آخرت کے مراحل اپنے اچھے برے اعمال کے مطابق طے کرنا ہوں گے۔

نظروں کے سامنے بچوں، جوانوں اور بوڑھوں کی اُٹھتی لاشیں آگاہ کرتی رہتی ہیں کہ زندگی کی نعمت دائمی نہیں ہے، لہٰذا ایک شمسی سال کے گزرنے اور نئے شمسی سال کی آمد پر خود احتسابی اور غور وفکر کرو کہ اب تک کیا کھویا اور کیا پایا اور آگے کیا کیا حاصل کرنا ہے۔ خود احتسابی کامیابی کا پہلا زینہ ہے۔ خود احتسابی سے محروم شخص کبھی کامیابی کی منازل طے نہیں کرسکتا۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم ﷺ کی ایک روایت نقل ہے، فرماتے ہیں: ’’اپنے نفس کا محاسبہ کرو قبل اس کے کہ تمہارا محاسبہ کیا جائے۔‘‘ (ترمذی)

مگر اس دور میں نئے شمسی سال کی آمد پر خود احتسابی کے بجائے عیاشی اور بے حیائی کو فروغ دیا جاتا ہے۔ افسوس! کچھ مسلمان بھی دھڑلے سے اس قبیح رسم کا حصہ بنتے ہیں۔ اللہ ربّ العزت کو ناراض کرکے دنیا و آخرت کی تباہی مول لیتے ہیں۔ اسلاف کے نقش قدم پر چلنا چھوڑ کر مغرب کی گندی تہذیب وتمدن کو اپنی زندگی میں اتار لینے کی ریت چل نکلی ہے۔

اگر آپ نے نئے شمسی سال کی آمد پر اپنی عمر، اپنی جوانی اور اپنے مال کا غلط استعمال کرنے کا ارادہ کرلیا ہے تو ابھی اللہ تعالیٰ کے حضور صدق دل سے توبہ کرلیجیے تاکہ بروزِ حشر اللہ ربّ العزت کی گرفت سے بچ سکیں۔

محمد اشرف رضا

غزہ پر اسرائیل کی وحشیانہ بمباری کو 451 دن گزر چکے ہیں!
کل شہادتیں: 45350 سے زائد، جن میں بچے: 18350، عورتیں: 14000 (تقریباً)۔ زخمی: 109500 سے زائد

اس شمارے میں

2024ء تو گزر گیا...... ہم نے کیا سبق سیکھا؟

صلہ رحمی اور شام کے حالات

امریکہ کی پاکستان پر پابندیاں
ہوئے تم دوست جس کے دشمن اُس کا آسماں کیوں ہو

پریس ریلیز

4 پاکستانی کمپنیوں پر امریکی پابندی

اشاریہ مضامین ہفت روزہ ندائے خلافت، 2024ء

آخرت میں نیکی کا اجر بڑھ چڑھ کر ملے گا

سُورۃُ القَصص | بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | آیت: 84

مَنۡ جَآءَ بِالۡحَسَنَۃِ فَلَہٗ خَیۡرٌ مِّنۡہَا ۚ وَ مَنۡ جَآءَ بِالسَّیِّئَۃِ فَلَا یُجۡزَی الَّذِیۡنَ عَمِلُوا السَّیِّاٰتِ اِلَّا مَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ﴿۸۴﴾

آیت: ۸۴ ﴿مَنۡ جَآءَ بِالۡحَسَنَۃِ فَلَہٗ خَیۡرٌ مِّنۡہَا ۚ﴾ ’’جو کوئی نیکی لے کر آئے گا تو اُس کے لیے بدلہ ہو گا اس سے بہتر۔‘‘

سورۃ النمل کی آیت ۸۹ میں بھی یہ مضمون بالکل ان ہی الفاظ میں بیان ہوا ہے۔

﴿وَمَنۡ جَآءَ بِالسَّیِّئَۃِ فَلَا یُجۡزَی الَّذِیۡنَ عَمِلُوا السَّیِّاٰتِ اِلَّا مَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ﴿۸۴﴾﴾ ’’اور جو کوئی بُرائی لے کر آئے گا تو بُرائیوں کا ارتکاب کرنے والوں کو بدلہ نہیں دیا جائے گا مگر وہی کہ جو کچھ وہ کر کے لائیں گے۔‘‘

مطلب یہ کہ برائی کی سزا برائی کے عین مطابق دی جائے گی‘ اس میں کسی قسم کا اضافہ نہیں کیا جائے گا۔ لیکن نیکو کاروں کے لیے ان کی نیکیوں میں اللہ تعالیٰ کے خاص فضل سے دس گنا سے سات سو گنا تک اضافہ کر دیا جائے گا‘ بلکہ غور کیا جائے تو ’’خَیۡرٌ مِّنۡہَا‘‘ کی کوئی حد اور انتہا مقرر نہیں۔ جیسا کہ سورۃ البقرۃ میں ارشاد ہوا ہے: ﴿وَاللّٰہُ یُضٰعِفُ لِمَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ ﴿۲۶۱﴾﴾ ’’اور اللہ جس کے لیے جتنا چاہے گا بڑھا دے گا۔ اور اللہ بہت وسعت والا خوب جاننے والا ہے‘‘۔ بہرحال ’’خَیۡرٌ مِّنۡہَا‘‘ کے الفاظ میں سب سے نچلی سطح پر بھی یہ بشارت موجود ہے کہ تم جیسی بھی کوئی نیکی کر کے لے جاؤ گے، وہاں اس کا اجر اس سے بہتر ہی ملے گا۔

درس حدیث

اپنے نفس کا محاسبہ اور موت کی تیاری

عَنۡ شَدَّادِ بۡنِ أَوۡسٍ ؓ، عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: ((اَلۡکَیِّسُ مَنۡ دَانَ نَفۡسَہٗ وَعَمِلَ لِمَا بَعۡدَ الۡمَوۡتِ وَالۡعَاجِزُ مَنۡ أَتۡبَعَ نَفۡسَہٗ ہَوَاہَا وَتَمَنّٰی عَلَی اللّٰہِ تَعَالٰی)) (ترمذی)

سیدنا شداد بن اوس ؓ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ’’عقلمند وہ ہے جو اپنے نفس کا محاسبہ کرے اور موت کے بعد کی تیاری کرے۔ احمق اور بے وقوف وہ ہے جس نے اپنے نفس کو خواہشات کے تابع کیا اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے بڑی بڑی تمنائیں رکھے۔‘‘

تشریح: اس حدیث مبارکہ میں عقل مند اور بے وقوف کی نشانی بتائی گئی ہے۔ عقل مند شخص اپنی زندگی میں اپنے قول و فعل کا محاسبہ کرتا رہتا ہے اگر نیکیوں کا غلبہ معلوم ہو تو اللہ کا شکر ادا کرتا ہے اور اگر برائیوں کا غلبہ ہو تو توبہ استغفار کرتا ہے۔ بیوقوف شخص کا نفس اُس کی خواہشات کے تابع ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے امید بھی رکھتا ہے کہ اللہ میری مغفرت کرے گا۔ ہمیں اللہ تعالیٰ سے ہمیشہ یہ دعا مانگتے رہنا چاہیے:

((اَللّٰھُمَّ إِنِّیۡ أَسۡئَلُکَ نَفۡسًا مُّطۡمَئِنَّۃً تُؤۡمِنُ بِلِقَائِکَ وَتَرۡضٰی بِقَضَائِکَ وَتَقۡنَعُ بِعَطَائِکَ)) (سنن ابن ماجہ)

’’اے اللہ! ہم آپ سے وہ نفس مطمئنہ مانگتے ہیں جو آپ سے ملاقات کا یقین رکھے، آپ کے حکم پر راضی رہے اور آپ کی عطا پر قناعت کرے۔‘‘ (آمین)

ہفت روزہ لاہور

ندائے خلافت

تا خلافت کی بِنا دُنیا میں ہو پھر استوار
لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب و جگر

تنظیم اسلامی کا ترجمان نظامِ خلافت کا نقیب

بانی: اقتدار احمد مرحوم

28 جمادی الاخریٰ تا 5 رجب 1446ھ جلد 33
31 دسمبر 2024ء تا 6 جنوری 2025ء شمارہ 50

مدیر مسئول: حافظ عاکف سعید
مدیر: خورشید انجم

مجلس ادارت: ◉ رضاء الحق ◉ فرید اللہ مروت ◉ وسیم احمد باجوہ ◉ محمد رفیق چودھری

نگران طباعت: شیخ رحیم الدین
پبلشر: محمد سعید اسعد، طابع: رشید احمد چودھری
مطبع: مکتبہ جدید پریس، ریلوے روڈ، لاہور

مرکزی دفتر تنظیم اسلامی
"دارالاسلام" ملتان روڈ چوہنگ لاہور۔ پوسٹل کوڈ 53800
فون: 78-35473375 (042)
E-Mail:markaz@tanzeem.org
مقامِ اشاعت: 36-کے، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔ 54700
فون: 03-35869501 فیکس: 35834000
nk@tanzeem.org

قیمت فی شمارہ 20 روپے

سالانہ زرِ تعاون
اندرونِ ملک...... 800 روپے
بیرونِ پاکستان
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا وغیرہ (21,000 روپے)
انڈیا، یورپ، ایشیا، افریقہ وغیرہ (16000 روپے)
ڈرافٹ، منی آرڈر یا پے آرڈر
"مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن" کے عنوان سے ارسال کریں۔ چیک قبول نہیں کیے جاتے
Email:maktaba@tanzeem.org

"ادارہ" کا مضمون نگار حضرات کی تمام آراء سے پورے طور پر متفق ہونا ضروری نہیں

اداریہ
خورشید انجم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

2024ء تو گزر گیا...... ہم نے کیا سبق سیکھا؟

شمسی سال 2024ء تو گزر ہی گیا...... دیکھنا یہ ہے کہ ہم نے کیا سبق سیکھا؟ یہ تو دنوں کا اُلٹ پھیر ہے اور اس سال نے بھی بیتنا ہی تھا۔ اس دوران میں کئی ہونیاں اور کئی انہونیاں بھی ہوئیں جنہیں ہم قدرت کا لکھا کہیں یا اپنی شامتِ اعمال، بہرحال یہ سب ہونیاں، انہونیاں ہو چکیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اُمتِ مسلمہ کے لیے تو شاید یہ جملہ بھی اب اپنی اہمیت کھو چکا ہے کہ "ہمیں اپنی غلطیوں سے سبق لینا چاہیے"، کیونکہ یہ جملہ لکھا اور بولا تو جاتا ہے مگر تاثیر نہیں رکھتا۔ سالِ گزشتہ کا جائزہ لیتے ہوئے تو اس بات کا بڑی شدت سے احساس ہوا کہ اُمتِ مسلمہ نے بالعموم اور پاکستانی قوم نے بالخصوص جیسے دوسروں کی یا خود اپنی غلطیوں سے سبق لینا غیر ضروری قرار دے رکھا ہے۔

سالِ گزشتہ کے اوراق پلٹنے سے مستحضر ہوا کہ 16 جنوری کو ایران کا ایک میزائل پاکستان کی سرزمین پر گرنے سے تین افراد شہید ہو گئے جن میں سے ایک خاتون اور دو معصوم بچے تھے۔ اس سانحہ کے بعد پاکستان نے ایران سے اپنے سفیر کو واپس بلا لیا اور ایرانی سفیر جو بوجوہ ایران میں ہی تھے، انہیں پاکستان واپس نہ آنے کے لیے کہہ دیا۔ یہ بھی خبر تھی کہ ایران نے پاکستان کے ساتھ ساتھ عراق اور شام میں بھی حملے کیے۔ مگر ماضی کی تلخ حقیقتوں سے صرفِ نظر کرتے ہوئے ہمسایہ برادر مسلم ممالک سال کے آغاز میں ہی ایک مرتبہ پھر آپس میں لڑ پڑے۔ چند روز بعد ہی پاکستان نے طورخم بارڈر کو ایک مرتبہ پھر بند کر دیا جس کی وجہ یہ بتائی گئی کہ افغانستان سے دہشت گرد اسی راستے سے پاکستان آتے ہیں۔ طورخم بارڈر کی یہ بندش پہلی مرتبہ نہیں ہوئی تھی اور اس بندش سے افغانستان کے عوام کے ساتھ ساتھ حکومت کو بھی پریشانی ہوئی مگر پاکستان کے تاجر بھی اس سے سخت پریشان ہوئے، مگر حسبِ سابق سبق حاصل نہیں کیا گیا کہ مل بیٹھ کر مسائل کا دیرپا اور اصلی حل تلاش کرنا دونوں برادر ہمسایہ ممالک کے لیے ناگزیر ہے۔

فروری میں پاکستان میں عام انتخابات کا انعقاد ہوا۔ ہم ان انتخابات کے ماقبل کی صورتحال پر بحث نہیں کریں گے کیونکہ اسی فورم سے ہم اس پر سیر حاصل گفتگو کر چکے ہیں۔ کس طرح ایک پارٹی کو انتخابات سے باہر رکھنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی اور ریاست بشمول عدلیہ نے بلا مبالغہ فسطائیت پر مبنی حربے استعمال کیے۔ البتہ ہر سوچنے سمجھنے والا پاکستانی جانتا ہے کہ انتخابات کے دن سے اسٹیبلشمنٹ نے 2013ء اور 2018ء کی طرح ایک مرتبہ پھر اپنی جادوئی چھڑی گھما دی۔ الیکشن کمیشن اور عبوری حکومت سب نے یہی دعویٰ کیا کہ عوامی مینڈیٹ کا احترام کیا جائے گا مگر انتخابات کے نتائج نے فارم 45 سے فارم 47 تک کے سفر کی ایک نئی تاریخ رقم کر دی۔ نتیجتاً جو حکومت بنائی گئی وہ عوامی مینڈیٹ کی بجائے کسی اور کی خواہشات کی عکاس تھی۔ بہرحال داخلی سطح پر مختلف سیاسی جماعتوں اور مقتدر حلقوں کے مابین سرپھٹول جاری ہے۔ ہمارا تو روزِ اوّل سے یہی موقف رہا ہے کہ الیکشن کی سیاست سے چہرے تو بدل سکتے ہیں لیکن فرسودہ نظام کو بدلنا ممکن نہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ سیاسی جماعتیں اور مقتدر حلقے ملک و قوم سے مخلص ہیں لیکن المیہ یہ ہے کہ اس نوعیت کے اقدامات کے اصل مظاہر و مقاصد بعد میں سامنے آیا کرتے ہیں۔ آئی ایم ایف نے قرضے کی سخت ترین شرائط رکھیں اور حکومت و مقتدر حلقوں کی خون آلود ناک سے لمبی لمبی لکیریں کھنچوائیں۔ بہرحال آئی ایم ایف سے سودی قرضہ تو حاصل کر لیا گیا اور اس پر خوب دھمال ڈالا گیا۔ اگرچہ بعض معاشی اشاریے اب بہتری کا عندیہ دے رہے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ عوام بدستور مہنگائی کے پہاڑ تلے بری طرح پسے ہوئے ہیں اور ریلیف کے منتظر ہیں۔ وفاقی شرعی عدالت کا 2022ء کا سود کے خلاف فیصلہ ہنوز شرمندہ تعبیر ہے۔ بھلا اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے جنگ کی حالت میں رہتے ہوئے بھی کوئی مسلم قوم صحیح معنوں میں کیسے ترقی کر سکتی ہے؟ یہی بات قادیانی مبارک ثانی کے خلاف مقدمے کے عدالتی فیصلہ میں نظر آئی۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر دینی و مذہبی جماعتیں، تنظیمیں، وکلاء اور عوام الناس اس معاملے پر ازخود نوٹس نہ لیتے تو ملک میں ایک اور واردات ہوا چاہتی تھی۔ عقیدہ ختم نبوت کے ان جان نثاروں نے اس معاملے پر ایک تحریک کا سا سماں باندھا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ عدالتِ عظمیٰ نے اپنے

سابقہ فیصلے واپس لے لیے جو یقیناً ایک خوش آئند سنگِ میل سے کم نہیں۔ یقیناً ایک مرتبہ پھر یہ پہلو سامنے آیا کہ ایک پُرامن احتجاجی تحریک ہی نظام کو بدلنے کا واحد ذریعہ ہے۔

اسرائیل کی غزہ پر وحشیانہ بمباری سال بھر بلا تعطل جاری رہی۔ میڈیا میں بتائے جانے والے اعداد و شمار کے مطابق تقریباً 45000 مسلمانوں کو شہید کر دیا گیا ہے۔ جن میں اکثریت بچوں اور عورتوں پر مشتمل ہے۔ ایک لاکھ سے زائد افراد شدید زخمی ہیں اور اس سے تقریباً دوگنا زائد ملبے تلے دبے ہوئے ہیں۔ پھر یہ کہ غزہ کے سکولوں، ہسپتالوں، پناہ گزین کیمپوں پر صہیونی فوج کی بمباری جاری ہے اور اطلاعات کے مطابق غزہ میں 90 فیصد گھر تباہ کر دیئے گئے ہیں۔ لہٰذا گمان ہے کہ شہداء اور زخمیوں کی حقیقی تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے۔ بیس لاکھ سے زائد افراد تک بجلی، گیس، تیل کے علاوہ خوراک، پانی اور جان بچانے والی ادویات کی رسائی بھی روک دی گئی ہے۔ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اسرائیل غزہ میں مسلمانوں کی نسل کشی پر تلا ہوا ہے۔ 2024ء کے دوران تحریک مزاحمت کے کئی اعلیٰ عہدیداران کو شہید کر دیا گیا۔ اسرائیل نے جنگ کا دائرہ پھیلا کر لبنان، ایران اور یمن کو بھی نشانہ بنایا۔ مگر اہلِ غزہ نے بھی یہ ثابت کیا کہ اُنہیں جتنا زیادہ دبایا جائے گا وہ اتنا ہی زیادہ ابھریں گے۔ ناجائز صہیونی ریاست، گریٹر اسرائیل کے منصوبے کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے تیزی سے عمل درآمد کر رہا ہے۔ غیروں سے کیا گِلا، المیہ تو یہ ہے کہ مسلمان ممالک میں سے بھی کسی نے اسرائیل کے ظالمانہ اقدام کو روکنے اور مسجدِ اقصیٰ کی حفاظت کے لیے کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا۔ اسی دوران میں وفاقی دارالحکومت کے ڈی چوک میں اسرائیلی جارحیت کے خلاف ایک مظاہرہ کرنے والوں پر ایک ''نامعلوم شخص'' نے گاڑی چڑھا دی جس سے دو افراد شہید اور متعدد زخمی ہو گئے۔ ڈی چوک اسلام آباد جیسے حساس علاقے میں ایسی واردات کی کوئی سی سی ٹی وی فوٹیج کا سامنے نہ آنا ایک اور سوالیہ نشان چھوڑ گیا۔ گویا:

ع حمیت نام ہے جس کا، گئی تیمور کے گھر سے

البتہ اسرائیل کے ان انسانیت سوز مظالم بلکہ جرائم کے خلاف سال بھر امریکہ اور کئی دیگر مغربی ممالک کی مختلف یونیورسٹیوں میں طلبہ اور پروفیسرز کا شدید احتجاج دیکھنے میں آیا۔

مارچ 2024ء میں سقوطِ خلافتِ عثمانیہ کو سو سال مکمل ہو گئے۔ حقیقت یہ ہے کہ خلافتِ عثمانیہ کے خاتمے سے ہی مسلمانوں کا اصل زوال شروع ہوا جو آج تک جاری ہے، مگر اُمت اور اس کے حکمران و مقتدر طبقات یہ سبق حاصل کرنے کے لیے بھی تیار نہیں کہ اگر وہ متحد ہو کر اپنی طاقت میں اضافہ کریں اور غیرتِ دینی و حقیقی ایمان کا مظاہرہ کریں تو صرف اسی صورت میں اسرائیل سمیت دنیا کی تمام طاغوتی قوتوں کو منہ توڑ جواب دیا جا سکتا ہے۔

جون میں منعقدہ بھارت کے عام انتخابات میں نریندر مودی مقبولیت میں کمی کے باوجود مسلسل تیسری مرتبہ وزیراعظم منتخب ہوئے تو جیسے بی جے پی نے بھارتی مسلمانوں کو واضح طور پیغام دے دیا کہ بھارت اب صرف ہندوؤں کا ہی ہے اور یوں بھارت میں اقلیتی بے توقیری اور ہنود و یہود کے گٹھ جوڑ کے ایک نئے باب کا آغاز ہو گیا۔

پاکستان میں 26 ویں آئینی ترمیم کا بل منظور ہونے سے قبل جس طرح کی بے چینی اور بے یقینی کی سی صورتحال تھی اس کی شدت لاہور کے ایک نجی تعلیمی ادارے کی ایک طالبہ کے ساتھ جنسی زیادتی کی خبر نے بہت کم کر دی۔ عوام الناس اسی بحث میں اُلجھے رہے کہ اُس طالبہ کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے یا نہیں اور مقننہ میں 26 ویں آئینی ترمیم کا بل پاس بھی ہو گیا جس کے بارے میں تصور کیا گیا تھا کہ اس بل کا پاس ہونا بہت مشکل ہے۔ اکتوبر کے اختتام پر صوبہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں ایک مرتبہ پھر سیکورٹی فورسز پر دہشت گرد حملے کیے گئے جس میں ملک عزیز کا وہ نقصان ہوا جو کہ نہیں ہونا چاہیے تھا۔ کرم اور پارہ چنار میں حالات بدستور انتہائی کشیدہ ہیں۔

شام میں بشار الاسد حکومت کی شام ہوئی۔ اس کا یہ فائدہ تو ضرور ہوا کہ 53 سالوں سے اسد خاندان جو کہ ایک ایسے مذہبی گروہ سے تعلق رکھتی تھی جو اہلِ سنت اور اہلِ تشیع دونوں کے نزدیک دائرہ اسلام سے خارج ہے اور جس خاندان کے ادوارِ حکومت میں شام کی 75 فیصد مسلمان آبادی پر شدید ترین اور انسانیت سوز ظلم و ستم کیا گیا، بالآخر اُس کا خاتمہ ہو گیا۔ ایک تجزیہ یہ بھی ہے کہ بشار الاسد کی حکومت کے جانے سے گریٹر اسرائیل کے حصول کی راہ کسی حد تک ہموار ہوتی ہوئی محسوس ہوئی ہے۔ تاہم اس حوالے سے حتمی طور پر کچھ کہنا قبل از وقت ہے کیونکہ اسد خاندان نے 1974ء سے اسرائیل کو ہمیشہ سکون کا سانس لینے دیا اور اس دوران اسرائیل نے نہ صرف گولان کی پہاڑیوں پر قبضہ مضبوط کیا بلکہ اس اہم ترین شامی خطہ کو اسرائیل میں شامل بھی کر لیا اور بشار حکومت کے گرتے ہی اسرائیل خود کو محفوظ کرنے کے لیے گولان میں بالفعل داخل ہو گیا۔ بہرحال عالمی استعماری قوتوں کی یہ خواہش ہے کہ شام جس کی فضیلت کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کی احادیث مبارکہ موجود ہیں اور جہاں حضرت مہدی اور حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام دجال سے مقابلہ کریں گے وہ کمزور سے کمزور ہوتا رہے۔ طاغوتی قوتیں حفظ ماتقدم کے طور پر اپنے تئیں حفاظتی تدابیر کر رہے ہیں۔ لیکن بالآخر ہوگا وہی جو اللہ چاہے گا۔ ﴿وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴾ (آل عمران)

نومبر کے مہینے میں ڈونلڈ ٹرمپ دوسری مرتبہ امریکہ کے صدر منتخب ہو گئے۔ نومنتخب صدر بے شک ابھی تک اپنے دفتر ''سفید گھر'' تک نہیں پہنچے ہیں مگر پاکستان سمیت عالمی سیاست پر ان کے منتخب ہونے کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہو چکے ہیں۔ بے شک امریکہ کی یہ خواہش ہے کہ پاکستان اور افغانستان آپس میں گتھم گتھا ہو جائیں اور خراسان کا وہ خطہ کہیں تشکیل نہ پا جائے جس کے بارے میں احادیث میں بشارت آئی ہے۔

ہفتہ عشرہ قبل پاکستان کے بیلسٹک میزائل پروگرام سے متعلق 4 کمپنیوں پر آئی ایم ایف کے مائی باپ امریکہ نے پابندیاں لگا دیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ امریکہ کو راضی کرنے کے لیے جب جب اقدامات کیے گئے تب تب ملک و قوم کو نقصان کے سوا کچھ نہ ملا۔

حقیقت یہ ہے کہ سال نو یعنی 2025ء مسلم ممالک بشمول پاکستان کے لیے اپنے ساتھ نئی آزمائشیں لے کر آن وارد ہوا ہے۔ جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے تو ہم ایک عرصہ سے یہ بات کہہ رہے ہیں کہ پاکستان کے پاس اس کے سوا کوئی راستہ نہیں ہے کہ جس نظریہ کی بنیاد پر پاکستان معرضِ وجود میں آیا تھا، اُسے عملی تعبیر دی جائے۔ یعنی اسلام کا عادلانہ نظام یہاں قائم و نافذ کیا جائے۔ جس دُنیوی امتحان سے آج پاکستان گزر رہا ہے اُس کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوگا کہ کتنے خوش قسمت ہیں پاکستان کے مسلمان کہ اُن کی دنیا اور آخرت کی کامیابی ایک ہی راستے سے جڑی ہوئی ہے۔ لہٰذا سب مل کر پاکستان کو اسلامی فلاحی ریاست بنائیں تاکہ یہ دنیا کی سپر پاور بن سکے۔ دین کو سربلند کرنے کی جدوجہد کریں گے تو آخرت میں بھی کامیاب و کامران ٹھہریں گے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے اور ہمارا حامی و ناصر ہو۔ آمین یا رب العالمین!

صلہ رحمی اور شام کے حالات

(سورۃ النساء کی پہلی آیت کی روشنی میں)

مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی لاہور میں امیر تنظیم اسلامی محترم شجاع الدین شیخ حفظہ اللہ کے 20 دسمبر 2024ء کے خطاب جمعہ کی تلخیص

خطبہ مسنونہ اور تلاوتِ آیاتِ قرآنی کے بعد!

اللہ کے نبی ﷺ کے جو عمومی خطبات ہوا کرتے تھے اُن میں آپ ﷺ چار آیات کی اکثر تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ ان چار آیات میں سورہ نساء کی پہلی آیت بھی شامل ہے۔ بالخصوص خطبہ نکاح میں بھی یہ آیت شامل ہوا کرتی تھی۔ آج ہم اسی آیت کا مطالعہ کریں گے اور اس کے بعد ان شاء اللہ شام کے حالات کا تذکرہ بھی ہوگا۔ فرمایا:

﴿یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ﴾ ’’اے لوگو! اپنے اس رب کا تقویٰ اختیار کرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا۔‘‘

یہ تمام پیغمبروں کی دعوت کا بنیادی نکتہ ہے۔ سورہ شعراء میں چھ رسولوں کے حالات کا اہتمام کے ساتھ تذکرہ ہے۔ وہاں بھی ہر رسول نے اپنی قوم کو یہی دعوت دی ہے:

﴿فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ﴾ (الشعراء:144)

’’پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔‘‘

انسانی اصلاح کی اصل بنیاد خوفِ خدا ہے۔ یہ خوفِ خدا ہی تھا کہ خلیفۃ المسلمین حضرت عمر رضی اللہ عنہ دنیا کے عظیم حکمران ہونے کے باوجود راتوں کو اُٹھ کر گلیوں میں گشت کیا کرتے تھے کہ جائزہ لے سکیں کہ اُن کی حکومت میں کوئی انسان بھوکا، پیاسا، مصیبت زدہ یا تکلیف میں تو نہیں ہے۔ دورانِ گشت ایک مرتبہ وہ تھک کر ایک گھر کے سامنے تھوڑی دیر کے لیے بیٹھ گئے۔ اندر سے ایک عورت کی آواز آئی جو اپنی بیٹی سے کہہ رہی تھی کہ دودھ میں تھوڑا سا پانی ملا دو کونسا عمر دیکھ رہا ہے۔ بیٹی نے کہا ماں! عمر نہیں دیکھ رہا مگر عمر کا رب تو دیکھ رہا ہے۔ یہ خوفِ خدا ہی تھا جو اس بیٹی کو یہ کہنے پر مجبور کر رہا تھا۔ تقویٰ وہ شے ہے جو بندوں کو سات پردوں میں بھی صراطِ مستقیم پر قائم رکھ سکتا ہے اور اگر خوفِ خدا اُٹھ جائے تو پھر جتنے مرضی چیکس اینڈ بیلنسز لگاتے پھریں، کرپشن اور دیگر جرائم کو روکا نہیں جا سکتا۔ انسان اپنی عقل کے مطابق چیکس اینڈ بیلنسز بناتا ہے کہ کرپشن کو کیسے روکنا ہے، اس کے لیے قوانین اور پالیسیاں بناتا ہے۔ لیکن دوسری طرف وہی انسانی عقل اُن قوانین کا توڑ بھی نکال لیتی ہے۔ جیسا کہ ہمارے ہاں باقاعدہ کنسلٹنٹس ہوتے ہیں کہ FBR والوں کو کیسے ڈیل کرنا ہے، اپنے اعداد و شمار کی پریزنٹیشن میں ونڈو ڈریسنگ کیسے کرنی ہے اور ٹیکس کنسلٹنٹس کی

مرتب: ابو ابراہیم

خدمات حاصل کر کے اپنے ٹیکس کو کیسے بچانا ہے۔ ہائی ویز پر سپیڈ کو چیک کرنے کے لیے کیمرے لگے ہوتے ہیں، اس کے بعد گاڑیوں میں جیمرز لگا دیے گئے۔ پھر ان کے توڑ کے لیے اینٹی جیمرز آنا شروع ہو گئے۔ لہٰذا عقل کا توڑ عقل سے ہی ہو جاتا ہے۔ میں آڈٹ کی فیلڈ میں رہا ہوں۔ ہمیں پتا ہے کہ چیکس اینڈ بیلنسز کے لیے کروڑوں روپے کے لاحاصل اخراجات کرنا پڑتے ہیں۔ لیکن اگر دلوں میں خوفِ خدا ہو تو اربوں ڈالرز کے اخراجات کے بغیر بھی نظام درست ہو جائے گا۔ جیسا کہ خلافت راشدہ کی تاریخ میں ہم اس کی مثالیں دیکھ سکتے ہیں۔ آگے فرمایا:

﴿وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِیْرًا وَّنِسَآءً ۚ﴾ (النساء:1) ’’اور اسی سے اس کا جوڑا بنایا اور ان دونوں سے پھیلا دیے (زمین میں) کثیر تعداد میں مرد اور عورتیں۔‘‘

جیسا کہ پہلے بتایا گیا کہ یہ آیت آپ ﷺ نکاح کے خطبہ میں پڑھا کرتے تھے۔ نکاح کا ایک مقصد جہاں باحیا اور باوقار معاشرے کا قیام، خاندانی نظام کو مضبوط کرنا اور زوجین کے لیے سکون کا حصول ہے وہاں اس کا ایک بڑا مقصد اولاد کا حصول بھی ہے۔ کسی بھی قوم کو معدوم ہونے سے بچانے کے لیے سالانہ شرح پیدائش کم از کم 1.8 ہونی چاہیے۔ جن معاشروں میں نکاح کی پاکیزہ روایت دم توڑ رہی ہے وہاں سالانہ شرح پیدائش 1.8 فیصد سے بھی نیچے آچکی ہے۔ اس کی وجہ سے اُن قوموں کو اپنے مٹ جانے کا خدشہ لاحق ہو گیا ہے جبکہ دوسری طرف مسلمانوں کی سالانہ شرح پیدائش اوسطاً 3.5 فیصد سے زائد ہے۔ اس وجہ سے بھی باطل قوتوں کو یہ پریشانی لاحق ہو گئی ہے کہ مسلمان تو دنیا پر غالب آجائیں گے۔ بہرحال غلبہ تو اسلام کا ہونا ہی ہے اور ہمیں بھی عزت اسلام کی وجہ سے ملے گی، یہ محض افرادی قوت کا مسئلہ نہیں ہے۔ آگے فرمایا:

﴿وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ﴾

’’اور تقویٰ اختیار کرو اُس اللہ کا جس کا تم ایک دوسرے کو واسطہ دیتے ہو اور رحمی رشتوں کا لحاظ رکھو۔‘‘

رشتوں کے بندھن میں تقویٰ کی اس قدر اہمیت اور ضرورت ہے کہ یہاں ایک مرتبہ پھر اس کا تقاضا کیا جا رہا ہے۔ نکاح کے موقع پر ایک تو ضابطے کی کارروائی ہوتی ہے کہ دو گواہ لڑکے کی طرف سے ہوں گے اور دو گواہ لڑکی کی طرف سے ہوں گے، لڑکی کی طرف سے ایک وکیل

ہوگا۔ ان سارے ضابطوں کے باوجود اصل چیز تقویٰ ہے۔ اگر خدا کا خوف نہ ہو تو یہ سارے ضابطے بھی رشتوں کے تقدس کو برقرار رکھنے میں ناکام ہو جاتے ہیں، نہ گھر بچتے ہیں اور نہ ہی معاشرے سلامت رہتے ہیں۔ اس لیے فرمایا جا رہا ہے کہ جس اللہ کا نام لے کر تم نکاح کا بندھن باندھتے ہو اُسی اللہ کا خوف دل میں رہے گا تو سارے معاملات ٹھیک رہیں گے۔

دوسری بات یہ بیان ہوئی کہ رحمی رشتوں کا لحاظ رکھو۔ یعنی ماں باپ کا ادب کرو، بڑوں کی عزت کرو، چھوٹوں پر شفقت کرو۔ گستاخی، سرکشی اور بغاوت والا رویہ نہیں ہونا چاہیے۔ مگر آج کے پُرفتن دور میں بچے بڑوں کا ادب نہیں کرتے، والدین کی نافرمانی، گستاخی حتیٰ کہ توہین آمیز رویہ بڑھتا جا رہا ہے الا ماشاء اللہ۔ یہاں تک کہ بڑھتا ہوا دجالی فتنہ نوجوانوں سے ''میرا جسم میری مرضی'' جیسے باغیانہ نعرے بھی لگوا رہا ہے۔ یہ ساری بغاوت اور سرکشی اسی وجہ سے ہے کہ اللہ کا خوف دلوں سے جاتا رہا ہے۔ حالانکہ یہ خوفِ خدا ہی تھا جو ہماری معاشرت اور اقدار کو مثالی رکھے ہوئے تھا۔ آج بھی گھروں میں جب جھگڑا ہوتا ہے تو بڑے بوڑھوں کا آخری جملہ یہی ہوتا ہے کہ خدا کے لیے باز آجاؤ، خدا کا خوف کرو، خدا کے واسطے مان جاؤ۔ اگر یہ خوفِ خدا دلوں میں ہوگا تو رشتے بھی مثالی ہوں گے اور معاشرے بھی مثالی ہوں گے ورنہ سب کچھ تلپٹ ہو جائے گا۔ قرآن میں اللہ فرماتا ہے:

''اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے خواہ تم اسے ظاہر کرو خواہ چھپاؤ اللہ تم سے اس کا محاسبہ کرلے گا۔ پھر وہ بخش دے گا جس کو چاہے گا اور عذاب دے گا جس کو چاہے گا اور اللہ ہر چیز کی قدرت رکھتا ہے۔'' (البقرہ:284)

دوسری جگہ فرمایا:

﴿يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا ۝٤﴾ (الزلزال) ''اُس دن یہ زمین اپنی خبریں کہہ سنائے گی۔''

آگے فرمایا:

''تو جس کسی نے ذرّہ کے ہم وزن بھی کوئی نیکی کی ہوگی وہ اُسے دیکھ لے گا اور جس کسی نے ذرّہ کے ہم وزن کوئی بدی کی ہوگی وہ بھی اُسے دیکھ لے گا۔'' (الزلزال)

آخرت کی اس جوابدہی کا احساس اور خوف دلوں میں ہوگا تو ہمارے سب معاملات درست ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کے حساب کو آسان فرمائے۔ آمین!

رحمی رشتوں کے حوالے سے ہمارے دین نے بڑی توجہ دلائی ہے۔ بخاری شریف میں ایک حدیث قدسی نقل ہوئی ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جو رحمی رشتوں کو جوڑے گا اللہ تعالیٰ اُس کو (اپنی رحمت کے ساتھ) جوڑے گا۔ جو اُسے توڑے گا میں بھی اُس کو توڑ کر رکھ دوں گا۔

آج ہم اپنے معاشرے میں یہ جملے سنتے ہیں کہ سگے بھائی سے تین سال سے بات نہیں ہوئی، پانچ سال سے چچا نے ہمارے گھر میں قدم نہیں رکھا۔ دو سال سے بہن کی شکل نہیں دیکھی۔ اناللہ وانا الیہ راجعون! یہ کوئی فخر کی بات نہیں ہے بلکہ لمحہ فکریہ ہے۔ اللہ کا دین تو بندہ مومن کو تین دن سے زیادہ کسی مسلم سے ناراضگی کی اجازت نہیں دیتا ہے۔ سوائے اس کے کہ اسلام و کفر کا معاملہ ہو۔ اللہ کے رسول ﷺ کی یہ حدیث بھی بہت معروف ہے: ((مَنْ أَحَبَّ لِلّٰهِ وَأَبْغَضَ لِلّٰهِ وَأَعْطٰى لِلّٰهِ وَمَنَعَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ الْإِيمَانَ)) ''جو شخص اللہ کے لیے محبت رکھے اور اللہ کے لیے بغض رکھے اور اللہ ہی کے لیے کوئی چیز دے اور اللہ ہی کے لیے روکے (نہ دے) تو اس نے ایمان مکمل کرلیا۔''

مسلمان کا رویہ یہ ہو کہ اُس کی ذات دوسروں کے لیے سلامتی اور امن کا باعث بنے۔ ایک اور معروف حدیث میں ذکر ہے کہ: ((لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ)) (بخاری) ''قطع رحمی کرنے والا کبھی جنت میں داخل نہیں ہوگا۔''

اسی طرح اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا کہ جو چاہتا ہے کہ اُس کی عمر میں اضافہ ہو، اُس کے رزق میں اضافہ ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ صلہ رحمی کرے۔ یعنی جن رشتوں کو اللہ نے جوڑے رکھنے کا اور اُن کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے کا حکم دیا ہے اُن کے ساتھ بھلا سلوک کرے۔ اسی طرح اللہ کے پیغمبر ﷺ کی دو احادیث کا حاصل یہ ہے کہ جس نیکی کا اجر اللہ دنیا میں جلد عطا کرتا ہے وہ صلہ رحمی کرنا ہے۔ اس کے برعکس جن گناہوں کی سزا اللہ جلد دنیا میں دیتا ہے ان میں قطع رحمی، ماں باپ کو ستانا، قریبی رشتہ داروں پر ظلم اور ناانصافی کرنا شامل ہے۔

صلہ رحمی اور حسنِ سلوک کے لیے ضروری نہیں کہ آپ مال ہی خرچ کریں، بلکہ آپ کا اچھا برتاؤ، دُکھ سُکھ میں کام آنا، نیک مشورہ دینا، مشکل میں کام آنا، مسائل کے حل میں تعاون کرنا، تیمارداری کرنا، اللہ سے ان کے حق میں ایمان، صحت، سلامتی اور بخشش کی دعا کرنا بھی صلہ رحمی میں شامل ہے۔ تاہم مالی لحاظ سے جن رحمی رشتوں کی کفالت بندے کے ذمہ ہوتی ہے جیسا کہ ماں باپ، بیوی بچے، دادا دادی، نانا نانی، پوتا پوتی ان کو زکوٰۃ نہیں دی جا سکتی کیونکہ ان کی کفالت بندے پر لازم ہے۔ البتہ ان کے علاوہ جو رشتے ہیں، جیسا کہ چچا چچی، ماموں ممانی وغیرہ ان کو زکوٰۃ دی جا سکتی ہے۔ حدیث میں ذکر ہے کہ رشتہ داروں کی مالی مدد کرنے کا دہرا اجر ہے۔ ایک تو مال دینے کا اجر، دوسرا صلہ رحمی کا اجر۔

ہمارے ہاں عام تصور ہے کہ جو رشتہ دار ہمارے ساتھ برا سلوک کرے اس کے ساتھ نہ صرف قطع تعلق کر لیتے ہیں بلکہ اگر وہ ضرورت مند اور مستحق بھی ہو تو اس کی کوئی مدد نہیں کرتے۔ جبکہ امام الانبیاء ﷺ نے فرمایا صلہ رحمی یہ نہیں ہے کہ کسی نے تمہارے ساتھ بھلا سلوک کیا تو تم بھی اُس کے ساتھ بھلا سلوک کرو بلکہ صلہ رحمی تو یہ ہے کہ جو رشتہ دار تمہارے ساتھ بُرا سلوک کرے اس کے ساتھ بھی تم اچھا سلوک کرو۔ یہ اصل امتحان ہے اور اللہ کی جنت سستی نہیں ہے۔ بڑے امتحانوں سے گزرنے کے بعد اللہ کی جنت نصیب ہو سکتی ہے۔ قرآن میں فرمایا:

''اور (دیکھو!) اچھائی اور برائی برابر نہیں ہوتے۔ تم مدافعت کرو بہترین طریقے سے تو (تم دیکھو گے کہ) وہی شخص جس کے اور تمہارے درمیان دشمنی ہے وہ گویا گرم جوش دوست بن جائے گا۔ اور یہ مقام نہیں حاصل ہو سکتا مگر ان ہی لوگوں کو جو بہت صبر کرتے ہوں اور یہ نہیں دیا جاتا مگر ان ہی کو جو بڑے نصیب والے ہوں۔'' (حم السجدہ:34، 35)

یہ مقام اور مرتبہ ان کو ہی ملتا ہے جن کے کردار، اخلاق اور معاملات اچھے ہوں۔ حضور ﷺ پر جب پہلی وحی نازل ہوئی تھی تو ان لمحات میں ام المومنین حضرت خدیجہ ؓ نے آپ ﷺ کی حوصلہ افزائی کے لیے آپ ﷺ کے اخلاق و کردار کو بیان کرتے ہوئے یہ بھی فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو ہرگز ضائع نہ کرے گا کیونکہ آپ ﷺ صلہ رحمی کرنے والے ہیں۔ جو آپ ؐ کو تکلیف پہنچاتا ہے، آپ ﷺ اس کے ساتھ بھی بھلا سلوک کرتے ہیں۔

ایک اور حدیث میں ذکر آیا کہ ایک قوم کی حرکتیں ایسی ہیں کہ اللہ رحمت کی نگاہ بھی نہ ڈالے مگر اس کے باوجود

اللہ تعالیٰ اُن کو نعمتیں عطا کرتا ہے۔ ان کو اولاد دیتا ہے، رزق عطا کرتا ہے، جانور اور فصلیں عطا کرتا ہے، صرف اس لیے وہ ضرورت مندوں پر خرچ کرتے ہیں، صلہ رحمی کرتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ صلہ رحمی ایسی نیکی ہے جس کا اجر اللہ تعالیٰ دنیا میں بھی عطا کرتا ہے اور اس کی بدولت انسان کو نعمتیں میسر آتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

شام کے حالات

شام کے حالات ہم سب کے سامنے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ اللہ تعالیٰ کے کلام اور امام الانبیاء ﷺ کی احادیث کی روشنی میں ان حالات کا بغور جائزہ لیں۔ اس نقطۂ نظر سے اگر ہم دیکھیں گے تو بہت سی چیزیں واضح ہو جاتی ہیں۔ ایک فوری فائدہ تو یہ ہوا کہ ایک ظالم حکومت کا خاتمہ ہوا۔ 54 سال سے ایک ظالم نصیری علوی خاندان نے شام کی 75 فیصد مسلمان آبادی کو یرغمال بنایا ہوا تھا۔ جیلوں میں اور ٹارچر سیلوں میں مسلمانوں کے ساتھ جو انسانیت سوز مظالم اس حکومت کے دوران روا رکھے گئے اُن کی داستانیں اب کھل کر سامنے آرہی ہیں۔ امریکہ اور دوسری عالمی طاقتیں جو ایسے آمروں کی پشت پناہی کرتی ہیں، اُن کے انسانی حقوق کے دعووں کی حقیقت بھی کھل کر سامنے آرہی ہے۔ ایسے ایسے مظالم روا رکھے گئے کہ سوچ کر انسان کی روح کانپ اُٹھے۔ بچپن میں کسی کو جیل میں ڈالا اور وہ بوڑھا ہو کر جیل سے نکل رہا ہے۔ ڈرل مشین سے ہڈیوں کے اندر سوراخ کیے گئے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ فلسطین میں اسرائیل نے مسلمانوں پر جو ظلم کیا ہے اُس کی دنیا میں کوئی مثال نہیں ملتی مگر کم از کم اُس کی کوئی نہ کوئی خبر تو عالم اسلام تک پہنچتی ہے مگر جو ظلم شام میں مسلمانوں پر علوی خاندان نے ڈھائے ہیں اُن کا تو دنیا کو پتا بھی نہیں چلنے دیا گیا۔ امریکہ اور عالمی طاقتیں جمہوریت اور انسانی حقوق کی علمبردار ہونے کا دعویٰ رکھتی ہیں لیکن جہاں مسلمانوں کا معاملہ ہو تو نہ صرف ان پر ایسی ظالم بادشاہتوں کو برداشت کرتی ہیں بلکہ اُن کی مکمل پشت پناہی اور معاونت بھی کرتی ہیں اور جب وہ آمر اُن کے کسی کام کے نہیں رہتے یا مقاصد پورے ہو جاتے ہیں تو پھر وہ بڑے آرام سے ان کو سائیڈ پر کر دیتے ہیں۔ جیسے افغانستان کے اشرف غنی اور شام کے بشار الاسد کو خزانے سمیت محفوظ انخلا کا راستہ دیا گیا۔ اس میں بھی مسلمانوں کے لیے بڑا سبق ہے کہ اسلام دشمن قوتوں کی مدد سے بشار الاسد جیسے ظالم حکمران حکومت میں آتے ہیں، قومی وسائل کو نچوڑتے ہیں، عوام کے پیسے سے عیاشیاں کرتے ہیں اور پھر جب اُن کا وقت پورا ہو جاتا ہے تو قومی وسائل کو لوٹ کر اپنے ساتھ اسلام دشمن قوتوں کے پاس لے جاتے ہیں۔ اب بھی اگر مسلمانوں کی آنکھیں نہ کھلیں تو کتنے نقاب اُترنے کا انتظار ہے جس کے بعد بات ہماری سمجھ میں آئے گی۔

رسول اللہ ﷺ کی احادیث میں جس شام کا ذکر ہے اس میں فلسطین، غزہ، اردن اور لبنان بھی شامل تھے۔ اس سرزمین کو انبیاء علیہم السلام کی سرزمین کہا جاتا ہے۔ مستقبل کے اعتبار سے بھی یہ مقام اُمت مسلمہ کے لیے بڑا اہم ہے۔ اسی سرزمین سے اُمت مسلمہ کو سربلندی ملنی ہے اور اللہ کی زمین پر اللہ کا دین غالب ہونا ہے جس کے بارے میں بار بار بانی تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے توجہ دلائی ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں آخری معرکۂ حق و باطل سجنا ہے۔ اسی سرزمین پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دوبارہ تشریف لانا ہے۔ یہ تمام بشارات احادیث میں آئی ہیں۔

عالمی تناظر میں دیکھا جائے تو ایک طرف یوکرائن کا میدانِ جنگ ہے جہاں ایک طرف روس ہے اور دوسری طرف یورپی یونین اور امریکہ ہیں۔ روس بشار الاسد حکومت کو سپورٹ کرتا تھا۔ بشار الاسد حکومت کے جانے سے روس اور ایران کے مفادات پر بھی ضرب لگی ہے۔ اس وجہ سے اسرائیل کو زیادہ موقع مل گیا ہے اور اب وہ کھل کر علاقے میں جارحیت کا مرتکب ہو رہا ہے۔ اس نے گریٹر اسرائیل کے ناپاک منصوبے کو آگے بڑھاتے ہوئے گولان کی پہاڑیوں پر دوبارہ قبضہ کر لیا ہے۔

شام پر 54 سال سے مسلط یہ خاندان ایک ایسے گروہ سے تعلق رکھتا تھا جو اہل تشیع اور اہل سنت دونوں کے نزدیک مسلمان ہی نہیں ہے۔ آج تک عیسائی رسومات مناتا ہے۔ اس گروہ نے ماضی میں بھی کفار کے ساتھ مل کر مسلمانوں پر بڑے مظالم ڈھائے ہیں۔ خاص طور پر برطانوی اور فرانسیسی ادوار حکومت میں یہ گروہ اسلام دشمن قوتوں کے مفادات کے لیے سرگرم رہا۔ مسلمانوں، بالخصوص حکمرانوں کو سوچنے کی ضرورت ہے، آخر کب تک ہم دوسروں کے آلۂ کار بن کر اپنے وقتی مفادات کے حصول میں لگے رہیں گے اور اپنی اُمت کے ہی بگاڑ اور نقصان کے درپے رہیں گے۔

کل تک ہمارے حکمران بھی کہتے رہے کہ امریکہ ناراض ہو گیا تو ایسا ہو جائے گا، فلاں ہو جائے گا۔ آج دیکھ لیا سب نے کہ کس طرح اس نے پاکستان کی چار کمپنیوں پر پابندی عائد کر دی کیونکہ یہ کمپنیاں پاکستان کے میزائل ٹیکنالوجی پروگرام کو سپورٹ کر رہی تھیں۔ حالانکہ یہی عالمی طاقتیں بشار الاسد کو مسلمانوں کی نسل کشی کے لیے کیمیائی ہتھیار تک فراہم کر رہی تھیں۔ آج غزہ میں مسلمانوں کی نسل کشی کے لیے اسرائیل کو امریکہ سے جہاز بھر بھر اسلحہ آرہا ہے۔ لیکن پاکستان اپنے دفاع میں اگر میزائل ٹیکنالوجی پر کام کر رہا ہے تو وہ اُن کو برداشت نہیں ہو رہا۔ مسلمانوں کو غور کرنے کی ضرورت ہے کہ ایک طرف اسرائیل اپنے گریٹر اسرائیل کے منصوبے پر مسلسل آگے بڑھ رہا ہے اور دوسری طرف پاکستان پر پابندیاں لگائی جارہی ہیں۔ حکمرانوں کو بھی یہ بات سمجھ میں آنی چاہیے کہ کب تک امریکہ کی غلامی کرتے رہیں گے۔ اس مملکت خداداد کو ہم نے نظریۂ اسلام کی بنیاد پر حاصل کیا تھا مگر اس نظریہ کو ہم نے پس پشت ڈال دیا جس کی وجہ سے آج ہماری ساری طاقت بے اثر ہو رہی ہے۔ سوویت یونین بھی ایک نظریہ کی بنیاد پر بنا تھا لیکن جب اس نظریہ کو چھوڑ دیا تو کوئی ٹیکنالوجی کام نہیں آئی۔ حکمرانوں کو سوچنا چاہیے کہ کس طرح اسلام دشمن قوتیں مسلمانوں کے خلاف آپس میں اتحاد کر رہی ہیں۔ اسرائیل کی مدد امریکہ اور بھارت بھی کر رہے ہیں اور ان کو سب سے بڑا خطرہ اس مملکتِ خداداد پاکستان سے ہے جس کو اللہ نے نظریۂ اسلام بھی عطا کیا اور چھپر پھاڑ کر ایٹمی صلاحیت بھی عطا کی۔ جہاں ایٹمی صلاحیت کی حفاظت ضروری ہے وہاں اپنے نظریہ کی حفاظت بھی ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ حکمرانوں کو اور مقتدر طبقات کو یہ بصیرت بھی عطا فرمائے اور ایمانی غیرت کے ساتھ فیصلے کرنے کی توفیق بھی عطا فرمائے۔ رہے ہمارے عوام تو وہ بھی مستقبل کے منظرناموں کو سامنے رکھیں، آج تو دنیا اندھیر نگری ہے مگر اللہ اور اُس کے رسول ﷺ نے اس زمین پر اپنے دین کے غلبہ کی بشارت دی ہے کہ بالآخر اسلام پوری دنیا پر غالب ہو کر رہے گا۔ ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ ہم اللہ کے دین کے لیے کیا کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

❀❀❀

امریکہ کی پاکستان پر پابندیاں

ہوئے تم دوست جس کے دشمن اُس کا آسماں کیوں ہو

ایوب بیگ مرزا

اسد اللہ غالب کے مصرعہ ’’ہوئے تم دوست جس کے دشمن اس کا آسماں کیوں ہو‘‘ کو راقم نے اپنی تحریر کا عنوان بنایا ہے۔ اس پر گہرائی سے غور کرنے پر غالب کے اس دعویٰ پر ’’آتے ہیں غیب سے یہ مضامین خیال میں‘‘ پر یقین کافی حد تک پختہ ہو جاتا ہے۔ اس لیے کہ غالب کے زمانے میں تو امریکہ کے نام سے ہندوستان میں شاذ ہی کسی کو شناسائی تھی اور آج جب کہ امریکہ ایسی سپر پاور بن چکا ہے کہ دنیا پر اس کی ہیبت طاری ہے۔ بیسویں صدی کے آغاز سے جب سے امریکہ ایک سپر پاور بن چکا ہے، اس کی کارکردگی بلکہ صحیح تر الفاظ میں اس کے کرتوتوں سے جو بات سامنے آئی، وہ اب ایک کھلا راز ہے۔ وہ یہ کہ آج اس طاقتور امریکہ کے غضب کا شکار اُس کے دشمن کم اور دوست زیادہ ہوتے ہیں۔

پاکستان پون صدی سے دوستی کے نام پر امریکہ کی چاکری کر رہا ہے لیکن ہر مشکل وقت میں امریکہ نے پاکستان کی پیٹھ میں خنجر گھونپا ہے۔ 1965ء اور 1971ء کی جنگیں ہوں یا دہشت گردی کے خلاف پاکستان صف آرا ہو، امریکہ پاکستان کو ٹشو پیپر کی طرح استعمال کرتا ہے۔ وہ اپنے مقاصد حاصل کر کے ایک طرف ہو جاتا ہے اور پاکستان کو دشمنوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیتا ہے۔ اس پر یہ سوال کیا جاسکتا ہے کہ خسارے کے اس سودے میں اصل قصور کس کا ہے؟ جب امریکہ پاکستان کو استعمال کر رہا ہوتا ہے تو ریاست پاکستان بھی تو امریکہ سے بہت سے فوائد حاصل کر لیتی ہے۔ راقم کا جواب یہ ہے کہ امریکہ سے اصل فائدے تو سیاسی اور عسکری پنڈتوں نے حاصل کیے اور اندرونی و بیرونی سطح پر بڑی بڑی جائیدادیں کھڑی کر لیں۔ البتہ یہ اعتراف بھی حق گوئی کا تقاضا ہے کہ وقتاً فوقتاً امریکہ کی ضرورتوں سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے ریاست پاکستان بھی پہلی اسلامی ایٹمی مملکت بننے میں کامیاب ہوگئی۔ پھر یہ کہ میزائل ٹیکنالوجی میں بھی حیرت انگیز ترقی کر لی حالانکہ بنیادی طور پر پاکستان سائنس اور جدید ٹیکنالوجی کے حوالے سے ایک پسماندہ ملک ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کی ایٹمی اور میزائل ٹیکنالوجی میں پیش رفت سے آنکھیں چرائے بغیر امریکہ کے لیے نہ یہ ممکن تھا کہ وہ سوویت یونین کو شکست و ریخت سے دوچار کر سکتا اور نہ ہی سپریم پاور آف دی ورلڈ بن کر نیو ورلڈ آرڈر کے قیام کا اعلان کر سکتا۔ اس کے باوجود وہ اپنی اُنگلیاں چباتا ہے کہ وہ پاکستان کو ایٹمی قوت بننے سے کیوں نہ روک سکا اور اب صبح و شام اُس کی سوچ یہ ہے کہ کیا رویہ اور طرزِ عمل اختیار کیا جائے کہ جو ریاست ہماری پون صدی سے چاکری کر رہی ہے، اُسے ایٹمی صلاحیت اور جدید میزائل ٹیکنالوجی سے کیسے محروم کیا جائے۔

امریکہ ایک عرصہ سے پاکستان کو سفارتی ذرائع سے اور دو طرفہ اعلیٰ ذمہ داران میں رابطے کے ذریعے پاکستان کی میزائل کی رینج کے بارے میں تشویش کا اظہار کر رہا تھا، لیکن بھارت جو اس حوالے سے بھی پاکستان سے آگے ہے اُس سے صرفِ نظر کر رہا تھا بلکہ یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ سپر پاور امریکہ بھارت کے آگے بھیگی بلی بن جاتا ہے۔ اب امریکہ نے پاکستان کے خلاف پابندیاں عائد کر کے درحقیقت پاکستان کو یہ اعلانیہ طور پر پیغام دیا ہے کہ وہ زمانہ گیا جب امریکہ پاک بھارت طاقت کے توازن کو کسی نہ کسی طرح قائم رکھنے میں سنجیدہ تھا۔ اب وہ بھارت کو پاکستان کے حوالے سے نہیں بلکہ چین کے حوالے سے دیکھتا ہے۔ اُس کا اصل حریف اس وقت چین ہے۔ وہ ایک طرف Quad بنا کر چین کا بحری محاصرہ کرنا چاہتا ہے اور دوسری طرف بھارت کو اتنا طاقتور بنانا چاہتا ہے کہ وہ چین کے راستے کی دیوار بن سکے۔ اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ امریکہ پاکستان کو مکمل طور پر نظرانداز کر سکتا ہے۔ امریکہ کی سنٹرل کمانڈ میں پاکستان ایک انتہائی اہم ملک ہے۔ لیکن بدقسمتی سے پاکستان کی کمزور معاشی حالت اور اندرونِ ملک سیاسی ابتری اور محاذ آرائی نے پاکستان کی پوزیشن اتنی کمزور کر دی ہے کہ امریکہ سمجھتا ہے کہ کیرٹ کی ضرورت نہیں رہی۔ امریکہ اب پاکستان کو صرف سٹک کے زور پر ہی ہانک سکتا ہے اور اپنے ساتھ رہنے پر مجبور کر سکتا ہے۔

آگے بڑھنے سے پہلے قارئین کو بتاتے چلیں کہ امریکہ نے پاکستان کے حوالے سے کیا پابندیاں لگائی ہیں۔ امریکی محکمہ خارجہ نے 18 دسمبر کو ایک اعلامیے میں جوہری ہتھیاروں سے لیس پاکستان کے لانگ رینج بیلسٹک میزائل پروگرام سے متعلق نئی پابندیاں عائد کرنے کا اعلان کیا تھا، جس میں پروگرام کی نگرانی کرنے والی سرکاری دفاعی ایجنسی نیشنل ڈویلپمنٹ کمپلیکس کے علاوہ ایفلیٹس انٹرنیشنل، اختر اینڈ سنز اور روک سائیڈ انٹرپرائز نامی تین نجی تجارتی ادارے شامل ہیں۔ پاکستان کی سرکاری دفاعی ایجنسی نیشنل ڈویلپمنٹ کمپلیکس وزارت دفاع کے زیرِ انتظام ایک ادارہ ہے جو ملک کے میزائل ڈویلپمنٹ پروگراموں کا مرکز ہے۔ امریکہ کی جانب سے پاکستانی اداروں پر حالیہ پابندیاں ایگزیکٹو آرڈر 13382 کے تحت لگائی گئی ہیں، جس میں ایسے افراد اور اداروں کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے، جو ہتھیاروں اور ان کی ترسیلی ذرائع کے پھیلاؤ میں ملوث ہوں۔ یہ ادارے جو بنیادی طور پر اسلام آباد اور کراچی میں واقع ہیں، پر الزام ہے کہ انہوں نے پاکستان کے میزائل پروگرام کے لیے خصوصی آلات اور مواد کی فراہمی میں کردار ادا کیا ہے۔

امریکہ کا دعویٰ ہے کہ این ڈی سی نے میزائل لانچنگ سپورٹ اور ٹیسٹنگ آلات کے لیے خصوصی گاڑیوں کے چیسز حاصل کیے ہیں۔ اختر اینڈ سنز پرائیویٹ لمیٹڈ پر این ڈی سی کو مختلف قسم کا سامان فراہم کرنے اور میزائل پروگرام میں مدد دینے کا الزام ہے۔ ایفیلیٹس انٹرنیشنل پر این ڈی سی اور دیگر اداروں کے لیے میزائل سے متعلق اجزاء کی خریداری میں معاونت کا الزام ہے۔ راک سائیڈ انٹرپرائز پر پاکستان کے طویل فاصلے تک مار کرنے والے میزائل پروگرام کے لیے اہم آلات فراہم کرنے کا الزام ہے۔

راقم کی رائے میں امریکہ پاکستان پر پہلے بھی پابندیاں لگاتا رہا ہے لیکن ان پابندیوں کے باوجود پاکستان آگے بڑھتا رہا ہے اور ماضی میں یہ پابندیاں پاکستان کو بہت زیادہ متاثر نہ کر سکیں۔ اس لیے بھی کہ اس خطے میں

کوئی نہ کوئی ایسا واقعہ بلکہ واقعات رونما ہو جاتے تھے کہ امریکی حکومتوں کو اپنی لگائی ہوئی پابندیاں خود ہی روندنا پڑ جاتی تھیں۔ مثلاً سوویت یونین افغانستان پر حملہ آور ہوا تو وہ پاکستان جسے بھارت سے دو جنگیں لڑنے کی وجہ سے امریکی پابندیوں کا سامنا تھا وہ امریکہ کا لاڈلا بن گیا۔ گویا ایک وہ وقت تھا کہ ذوالفقار علی بھٹو کو ایٹمی صلاحیت حاصل کرنے کی کوشش اور پیش رفت پر پہلے اقتدار سے رخصت کروایا، پھر پھانسی چڑھوا دیا اور پھر وہ وقت بھی آیا کہ امریکی انتظامیہ اپنے صدر کو جھوٹے سرٹیفکیٹ پیش کرتی رہی کہ پاکستان ایٹمی صلاحت حاصل کرنے کے حوالے سے کوئی پیش رفت نہیں کر رہا تاکہ پاکستان کی امداد میں کوئی رکاوٹ نہ آئے اور پاکستان ہماری آشیر باد اور جنگی وسائل کے حوالہ سے سوویت یونین کو شکستِ فاش سے دوچار کرنے میں مصروف رہے جبکہ اصل صورتِ حال یہ تھی کہ پاکستان امریکہ کی افغانستان میں مصروفیت اور الجھاؤ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ایٹمی صلاحیت کے حوالے سے پیش رفت کرتے ہوئے ریڈ لائن کراس کر چکا تھا اور ضیاء دور میں ہی پاکستان نے Cold Test کر لیا تھا، جس کے بعد باقاعدہ برسرزمین ایٹمی تجربہ کرنے کو آپ ایک رسمی کارروائی کہہ سکتے ہیں۔

اسرائیل کی مثال کو سامنے رکھیں، اُس نے آج تک ایک ایٹمی تجربہ نہیں کیا لیکن ساری دنیا جانتی ہے کہ اسرائیل ایک باقاعدہ ایٹمی قوت ہے۔ پھر جب سوویت یونین مجاہدین کے ہاتھوں شکست کھا کر، جس میں امریکہ نے مجاہدین کی بھرپور مدد کی تھی، ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا تو پاکستان کو اِس جنگ کے منفی بلکہ خطرناک اثرات سے نمٹنے کے لیے امریکہ اکیلا چھوڑ گیا۔ اسرائیل کا ذکر آ ہی گیا ہے تو یہ بات بھی سمجھ لینی چاہیے کہ بشار الاسد کا تختہ اُلٹنے کے بعد ایران، روس اور چین کو جو زبردست دھچکا لگا ہے اور امریکہ، اسرائیل اور مشرقِ وسطیٰ میں امریکہ حامی مسلمان ریاستوں کو جو فتح حاصل ہوئی ہے، اِس صورتِ حال نے اسرائیل کا گریٹر اسرائیل کی طرف بڑھنے میں مشکلات کو کافی حد تک کم کر دیا ہے۔ اب ایران کو اپنی سلامتی کی فکر لاحق ہو جائے گی۔ ایران کی طرف سے ایسے بیانات آنے شروع ہو گئے ہیں کہ وہ شام کے حوالے سے سمجھوتے کے لیے تیار ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ اب ایران اپنی سرحدوں سے باہر کی دنیا میں دلچسپی اگر ختم نہیں تو کم ضرور کر دے گا۔ اسرائیل کے لیے ایران سے نمٹنا خاص طور پر جب امریکہ پشت پر ہوگا تو کوئی مشکل نہیں ہوگا۔ لہٰذا اسرائیل کے ناپاک عزائم کی تکمیل میں حائل ہونے کے لیے صرف ایٹمی پاکستان رہ جائے گا جس کے پاس نہ صرف میزائل کا پورا نظام ہے بلکہ ایک پروفیشنل فوج بھی موجود ہے۔ لہٰذا یہ پابندیاں پاکستان کے ایٹمی دانت توڑنے کی تیاریوں کی ابتدا ہے۔ لہٰذا یہ مضحکہ خیز الزام لگایا گیا ہے بلکہ یہ ایک لطیفہ ہے کہ پاکستان کے ایٹمی میزائل وائٹ ہاؤس کے لیے خطرہ بن رہے ہیں۔ پاکستانی شاہین میزائل III 2750 کلومیٹر تک جا سکتا ہے جبکہ امریکہ پاکستان سے ساڑھے بارہ ہزار (12500) کلومیٹر دور ہے۔ اس الزام کو سمجھنے کے لیے آپ کو Wolf and the Lamb والی کہانی کو اپنے سامنے رکھنا ہوگا۔ کاش! اِس وقت پاکستان میں ایک مقبول عوامی مینڈیٹ کی حامل حکومت ہوتی جو اپنی فوج کے ساتھ مکمل طور پر ایک پیج پر ہوتی تاکہ عوام اور فوج مل کر طاقتور دشمن کا مقابلہ کر سکتے۔ امریکہ یہ سمجھتا ہے کہ اُس کو پاکستان کے ایٹمی ملک بننے سے روکنے میں جو ناکامی ہوئی ہے، وہ ناکامی اسرائیل کے راستے کا پتھر بن گئی ہے۔ لہٰذا وہ اب اِس کی تلافی کرنا چاہتا ہے۔ ان مشکل اور پیچیدہ حالات کا مقابلہ صرف پاکستان کی فوج اور عوام مل کر کے سکتے ہیں لہٰذا اس وقت فوج اور عوام میں نظر آتی دوریاں تباہ کن ثابت ہو سکتی ہیں۔ ❁❁❁

پریس ریلیز 27 دسمبر 2024ء

پنجاب اسمبلی کا اپنی ہی تنخواہوں اور مراعات میں ہوش رُبا اضافہ کا بل منظور کرنا انتہائی شرمناک ہے

شجاع الدین شیخ

پنجاب اسمبلی کا اپنی ہی تنخواہوں اور مراعات میں ہوش رُبا اضافہ کا بل منظور کرنا انتہائی شرمناک ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر شجاع الدین شیخ نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جیسے غریب ملک جس کی عوام مہنگائی کے پہاڑ تلے دبی ہوئی ہے، جہاں آبادی کی اکثریت دو وقت کی روٹی اور دیگر ضروریاتِ زندگی کو ترس رہی ہے، جس کا وزیر اعظم کشکول اٹھائے دنیا بھر میں پھرتا ہے اور جو ملک انتہائی کڑی اور ملکی مفاد کے خلاف شرائط پر سودی قرضہ حاصل کرنے کے لیے آئی ایم ایف کے سامنے ناک رگڑتا ہے اس کے سب سے بڑے صوبے کے اراکینِ اسمبلی کا اپنی تنخواہوں اور مراعات میں مختلف سطحوں پر 100، 200، 300، 700 اور 1000 فیصد تک جو کہ اوسطاً 526 فیصد بنتا ہے اُس کے اضافہ کا بل منظور کر لینا ظلم اور بے حمیتی کی انتہا ہے۔ اس سے بڑھ کر المیہ کیا ہو سکتا ہے کہ ملک کی اشرافیہ اپنے مفادات کے تحفظ اور ذاتی دولت میں اضافہ کے لیے عوام کے ٹیکسوں پر مشتمل قومی خزانے کو پانی کی طرح بہاتی ہے۔ لیکن جب اسی اشرافیہ کو سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں معقول اضافہ کی طرف متوجہ کیا جائے تو خزانہ خالی ہونے کے بہانے تراشے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چند برس قبل اقوامِ متحدہ کے ایک ذیلی ادارے یو این ڈی پی نے انکشاف کیا تھا کہ اشرافیہ کو دی جانے والی مراعات کی مد میں پاکستان ہر سال تقریباً 18 ارب ڈالر خرچ کرتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہی اشرافیہ گزشتہ 77 سالوں سے پاکستان میں لوٹ کھسوٹ اور کرپشن کا بازار گرم کیے ہوئے ہے لیکن تاریخ گواہ ہے کہ ایسے گھناؤنے قومی جرائم میں ملوث افراد کو قانون کی گرفت میں لانے کی بجائے انہیں مزید کرپشن کی کھلی چھوٹ دے دی جاتی ہے۔ دوسری طرف 28 اپریل 2022ء کو وفاقی شرعی عدالت کا سود کے خلاف فیصلہ ہنوز شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکا۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے جنگ جاری رکھ کر معیشت کو سدھارنے کے دعوے کرنا حماقت کے سوا کچھ نہیں۔ امیر تنظیم نے مطالبہ کیا کہ حکومتِ پنجاب اراکینِ اسمبلی کی تنخواہوں اور مراعات میں اضافے کے اس بل کو فی الفور واپس لے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ سود، کرپشن، اقرباء پروری اور جاگیرداروں و سرمایہ داروں کے مفادات پر مبنی باطل نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ باطل نظام کے خاتمے اور عوام کے بنیادی مسائل کو حل کرنے کا واحد ذریعہ یہ ہے کہ ملک میں اسلام کے عادلانہ نظام کو قائم اور نافذ کیا جائے تاکہ ہماری دنیا اور آخرت دونوں سنور جائیں۔

(جاری کردہ: مرکزی شعبہ نشر و اشاعت، تنظیم اسلامی، پاکستان)

77 سالہ تاریخ گواہ ہے کہ امریکہ پر انحصار کرتے کرتے پاکستان بنانا ریپبلک (Banana Republic) بن چکا ہے: رضاء الحق

پاکستان پر حالیہ امریکی پابندیوں کی بنیادی وجہ امریکہ کی چین گھیراؤ پالیسی ہے: بریگیڈیئر (ر) رفعت صابر

پاکستان پر امریکی پابندیاں اُس بڑی جنگ کا حصہ ہیں جس کو مذہب کے نام پر دنیا پر مسلط کرنے کی تیاری کی جا رہی ہے: ڈاکٹر محمد عارف صدیقی

میزبان: وسیم احمد

”4 پاکستانی کمپنیوں پر امریکی پابندی“ کے موضوع پر پروگرام ”زمانہ گواہ ہے“ میں معروف تجزیہ نگاروں اور دانشوروں کا اظہار خیال

سوال: نئے امریکی صدر کے اقتدار سنبھالنے سے ٹھیک ایک ماہ قبل پاکستان کے بیلسٹک میزائل پروگرام کو ہدف بناتے ہوئے امریکہ نے ایک سرکاری اور تین نجی کمپنیوں پر پابندی عائد کردی ہے؟ امریکہ نے کس جواز کی بنیاد پر یہ پابندیاں لگائیں؟

رضاء الحق: اصل میں پاکستان اپنی 77 سالہ تاریخ میں امریکہ پر انحصار کرتے کرتے ایک بنانا ریپبلک بن چکا ہے۔ بنانا ری پبلک کی بھی ایک تاریخ ہے۔ 1904ء میں دو لاطینی امریکن سٹیٹس گوئٹے مالا اور ہانڈیورس کی پوری معیشت کا انحصار کیلے (بنانا) کی کاشت پر تھا۔ امریکی سرمایہ داروں نے وہاں آکر کیلے کی ساری فصلیں خرید لیں اور اس شعبے سے منسلک تقریباً 200 اہم حکومتی شخصیات کو بھی اپنے ساتھ ملا لیا۔ یوں وہ دونوں ریاستیں بنانا ریپبلک بن کر رہ گئیں، ان کی تمام پالیسیز اور کاروبارِ حکومت کا انحصار اب امریکی ڈکٹیشن پر تھا۔ اسی طرح پاکستان کی اکانومی کا انحصار اس وقت مکمل طور پر آئی ایم ایف پر ہے جس کے ہم اس وقت کم و بیش 130 ارب ڈالرز کے مقروض ہیں، اس وجہ سے ہمیں ان کی شرائط ماننا پڑتی ہیں، پھر ایف اے ٹی ایف کا شکنجہ بھی ہے۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ ہماری اشرافیہ میں اکثریت چاہے وہ اسمبلیوں میں ہو، بیوروکریسی میں ہو، عدلیہ میں ہو یا ملٹری اسٹیبلشمنٹ میں ہو وہ کالونیل دور میں انگریزوں کے گھوڑے پالنے اور کتے نہلانے والوں کی نسلوں پر مشتمل ہے جو کالونیل دور سے ہی انگریزوں کے وفادار رہے ہیں اور آج تک ان کی پالیسی اور ڈکٹیشن پر نظام حکومت چلا رہے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ جن مغربی طاقتوں پر ہمارا انحصار ہے وہ ہم سے اپنی شرائط منوائیں گی اور اگر ہم کبھی مزاحمت کریں گے تو پھر ہم پر کسی نہ کسی حوالے سے پابندیاں لگیں گی۔ پاکستان کی تاریخ میں یہ کوئی پہلا واقعہ ہرگز نہیں ہے۔ جہاں تک جواز کا تعلق ہے تو اسرائیل اور بھارت امریکہ کے فطری اتحادی ہیں۔ ظاہر ہے کہ امریکہ نے اُن کے مفادات کا ہر صورت میں تحفظ

مرتب: محمد رفیق چودھری

کرنا ہے۔ ایسی پابندیوں سے بچنے کا واحد حل یہی ہے کہ ہماری حکومت خود انحصاری کی راہ تلاش کرے اور امریکہ پر انحصار کم سے کم کردے۔ چائنا اور روس سے اپنے روابط بڑھائے۔ اپنی معیشت کو بہتر کرے تو ان مسائل سے نکلا جا سکتا ہے۔

سوال: پاکستان نے حال ہی میں 2200 کلومیٹر تک کی رینج کے حامل ابابیل میزائل کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔ کہا جا رہا ہے کہ پاکستان کی میزائل ٹیکنالوجی سے تعلق کی بنیاد پر جن چار پاکستانی کمپنیوں پر امریکہ نے پابندیاں عائد کی ہیں اس کی بنیادی وجہ ابابیل میزائل کا کامیاب تجربہ ہے کیونکہ اس کی رینج میں بھارت کے وہ ایٹمی اڈے بھی آگئے ہیں جو انڈیمان اور نکوبار کے جزائر پر موجود ہیں اور ان پابندیوں کے پیچھے بھارتی لابی کا ہاتھ ہے۔ کیا یہ حقیقت ہے؟

بریگیڈیئر (ر) رفعت صابر: جہاں تک پابندیوں کا تعلق ہے تو یہ پہلی مرتبہ نہیں ہوا۔ اس سے پہلے بھی امریکہ اس طرح کی پابندیاں لگاتا رہا ہے۔ 2018ء میں کاسٹا کے حوالے سے پابندیاں لگائی گئیں جب آپ نے اپنے دفاع کو مضبوط کرنے کے لیے روس سے دفاعی ہتھیار لینے کی کوشش کی۔ اس کے بعد جب آپ نے چین سے جے 35 سپرسونک طیارے خریدنے کی جسارت کی تو اس وقت بھی امریکہ نے پابندی لگائی۔ جہاں تک بھارت کے ایٹمی اڈوں کا تعلق ہے تو وہ پاکستان کے کسی بھی میزائل کی رینج میں فی الحال نہیں آرہے۔ لہٰذا یہ کہنا درست نہیں ہوگا کہ اس وجہ سے پابندیاں لگی ہیں۔ تاہم بھارتی لابی کا ہاتھ ضرور ہو سکتا ہے کیونکہ بھارت ہمارا ازلی دشمن ہے اور امریکہ کا اتحادی ہے۔ اسی طرح اسرائیل بھی امریکہ کا اتحادی ہے لیکن پاکستان کی حکومت نے اقوام متحدہ یا او آئی سی کی سطح پر اسرائیل کے خلاف کوئی ایسا قدم نہیں اُٹھایا کہ جس سے اسرائیل کی بہت زیادہ مخالفت ظاہر ہوتی ہو۔ امریکہ کے نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ایک پالیسی ہے کہ وہ سب سے پہلے امریکی مفادات کو فوکس کرتے ہیں جس میں چین کا گھیراؤ بھی شامل ہے۔

سوال: امریکہ خود تو ایٹمی ہتھیاروں کے ناجائز استعمال کا مرتکب بھی ہو چکا ہے اور ایٹمی ہتھیاروں کے پھیلاؤ میں بھی ملوث رہا ہے، اس حوالے سے اسرائیل اور یوکرین کی کھل کر مدد کر رہا ہے۔ جبکہ پاکستان نے جب سے ایٹمی دھماکے کیے ہیں اس کے بعد سے اب تک ایٹمی عدم پھیلاؤ

کے قوانین اور ضوابط پر سختی سے عمل پیرا ہے۔ اس کے باوجود پاکستان کی میزائل ٹیکنالوجی کو ہدف بناتے ہوئے پابندیاں عائد کرنا امریکہ کی شیطانی پالیسی نہیں ہے؟

